برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن نے کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے تمام پارکس کو بند کر دیا ہے

برامپٹن، آن (26 مارچ 2020) – کورونا وائرس (کووڈ-19) کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے فوری طور پر تاحکم ثانی برامپٹن کے تمام 500 سے زیادہ پارکس کو عوام کے لیے بند کیا جا رہا ہے۔

اس میں شامل ہیں:

- کھیل کے میدان
- کتوں کے لیے بغیر پٹہ وغیرہ کے گھومنے کے لیے پارکس
- کھیلوں کی تمام بیرونی سہولت گاہیں اور تندرستی کے بیرونی آلات ومقامات
- پکنک شیلٹرز

پارکس کی بندش کی نشاندہی کرنے والے نشانات اس ہفتے سٹی کے پارکس میں آویزاں کر دیے جائیں گے۔

یہ بندشیں پیل پبلک ہیلتھ کی جانب سے شہریوں کو جسمانی طور پر ایک دوسرے سے فاصلہ رکھنے اور عوامی جگہوں پر اجتماعات سے گریز کرنے کی ہدایات کے مطابق ہیں۔

کسی بھی مسئلے کی اطلاع دینے کے لیے رہائشیوں کو سٹی کی سیکورٹی سروسز سے 905.874.2111 پر رابطہ کرنا چاہیے۔

کورونا وائرس کی صورتحال کے دوران سٹی آف برامپٹن کے اقدامات کے حوالے سے تازہ ترین معلومات کے لیے www.brampton.ca/COVID19 ملاحظہ کریں۔

اقتباسات

"سٹی آف برامپٹن کی انتظامیہ کی جانب سے، ہماری ترجیح اپنے رہائشیوں کی صحت و حفاظت ہے اور رہے گی۔ ہم کووِڈ-19 کے مزید پھیلاؤ کو روکنے میں مدد دینے کے لیے جتنا ممکن ہو اقدامات کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہم رہائشیوں پر جسمانی فاصلہ برقرار رکھنے پر زور دیتے رہے ہیں اور ہسپتالوں پر بوجھ کو کم کرنے کی خاطر، ہمیں پیغام پہنچانے کے لیے سخت تر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ یہ بات انتہائی اہم ہے کہ رہائشی اس صورتحال کی نزاکت کے پیش نظر اور اس وقت کے دوران ایک دوسرے سے جسمانی فاصلہ رکھنے اور گھر پر رہنے کی اہمیت کو سمجھیں۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"برامپٹن کے پارکس کو بند کرنے کا آج کا اعلان اس وقت کے دوران اپنے شہریوں اور عملے کو محفوظ رکھنے کے ہمارے عزم کی توثیق کرتا ہے۔ کووڈ-19 تیزی سے پھیلتی ہوئی ایک عالمی وباء ہے اور ہم بدلتی ہوئی صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیں اور اس کے مطابق تمام ممکنہ اقدامات کر رہے ہیں۔"

- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

BRAMPTON

Media Release

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca